HBL PSL Pakistan Super League 6 2021 — MATCH DIKHAO 20 FEB - 22 MAR

ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کا آغاز رنگا رنگ افتتاحی تقریب سے ہو گا

- عاطف اسلم ایچ بی ایل پی ایس ایل میں اپنا ڈیبیو کریں گے، گلوکار عمران خان، حمیمہ ملک اور ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کا ترانہ گنگنانے والے گلوکار بھی تقریب میں جلوہ گر ہوں گے

کراچی، 14 فروری 2021:

بیس فروری سے شروع ہونے والی ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کا آغاز رنگا رنگ افتتاحی تقریب سے ہو گا، جہاں معروف اور نامور ستارے پرفارم کریں گے۔ ان ستاروں میں عاطف اسلم، حمیمہ ملک، عمران خان، نصیبو لعل، آئمہ بیگ اور ینگ اسٹنرز شامل ہیں۔

یہ پہلا موقع ہو گا کہ جب عالمی شہرت یافتہ گلوکار عاطف اسلم ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کی افتتاحی تقریب میں جلوہ گر ہوں گے۔

تقریب کا کچھ حصہ ترکی میں خصوصی طور پر بنائے گئے ایک اسٹوڈیو میں ریکارڈ کیا جارہا ہے۔

ایونٹ کے ابتدائی چار ایڈیشنز کی افتتاحی تقاریب دبئی میں منعقد ہوئی تھیں جبکہ پانچویں ایڈیشن کی افتتاحی تقریب نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں منعقد ہوئی تھی۔ اس ریکارڈڈ تقریب کی میزبانی بھی نیشنل اسٹیڈیم کراچی کرے گا۔

روایت کے مطابق افتتاحی تقریب کے فوری بعد لیگ کا افتتاحی میچ کھیلا جائے گا، نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شیڈول اس میچ میں دفاعی چیمپئن کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیمیں مدمقابل آئیں گی۔

بابر حامد، ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر کمرشل بابر حامد کا کہنا ہے کہ اس سال ایونٹ کی افتتاحی تقریب بہت پرجوش ہوگی کیونکہ اس مرتبہ پاکستانی فینز کو تقریب دکھانے کے لیے اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ کی طرح افتتاحی تقریب کے اختتام پر ایونٹ کا پہلا میچ کھیلا جائے گا۔

یہ تقریب پی ٹی وی اسپورٹس اور جیو سوپر پر نشر ہوگی۔ تقریب کے نشر ہونے کے اوقات کار کے بارے میں بعد میں آگاہ کردیا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners